لا فتی الا علی لا سیف الا ذوالفقار

Rampur State Gazette

گزٹ ریاست رامپور

بحکم بندگان اعلیحضرت حضور پرنور دام اقبالہم وملکہم

نمبر ۳۵	مطبوعہ روز دوشنبہ بتاریخ ۴ محرم الحرام سنہ ۱۳۴۱ھ مطابق ۲۸ اگست سنہ ۱۹۲۲ء	جلد ۳۴

فہرست مضامین

نمبر شمار	خلاصہ مضمون	نمبر صفحہ
۱	بابت وصول زرپیچیدہ صفائی گولوں از ستاجران	۱ و ۲
۲	وظائف صاحب ممبر و سکریٹری بہادر	۲
۳	بابت واجبات دیگران پرائیویٹ ڈپارٹمنٹ	۳
۴	نقشہ بارش	ضمیمہ

حکم اجلاس ہمایون بندگان حضور پرنور دام اقبالہم وملکہم واقع ۳۰ جولائی سنہ ۱۹۲۲ء

زرپیچیدہ صفائی گولوں کا ستاجروں سے وقت معینہ پر وصول کرنے کے متعلق جو تجویز صاحب سکریٹری بہادر تعمیرات ہے اور جس سے صاحب ریونیو سکریٹری بہادر نے اتفاق کیا ہے وہ مناسب و منظور ہے کاغذات واپس ہوں کہ اس حکم سے ان ستاجروں کو جنکا تعلق اس حکم سے ہو اطلاع دیدیجائے اور اطلاع یابی انکی کرلیجائے۔ نقل حکم صاحب ... سکریٹری بہادر کے پاس مرسل ہو۔

اعلیحضرت بندگان حضور پر نور دام اقبالہم وملکہم

جناب عالی

زرپیشگی وصفائی کولہا ستاجران وصول ہونے میں سخت دقت ہوتی ہے ستاجران روپیہ داخل نہیں کرتے جس سے نقصان سرکار ہو رہا بدستور ہے ترقیخواہ کی اسکے متعلق یہ رائے ہے کہ حسب علدرآمد سابق صفائی طلب کولہا کے متعلق بطریق مروجہ اطلاعنامہ میعادی بنام ستاجران جاری کیا جائے اور میعاد مندرجہ اطلاعنامہ تک ادخال رقم کا انتظار کیا جائے بعد ازاں صفائی کی کام مہاجنی بجنسہ جاری کرادیا جائے۔ جو رقم ستاجران ذمگی خود اندر میعاد داخل کر دینگے اُنسے کوئی سرکار حسبی نہ ہوگا۔ لیکن جن ستاجران کی ذمگی رقم اندر میعاد داخل نہ ہوگی اُنکے حصہ کا روپیہ سرکار سے دلایا جائے گا۔ اور بارہ روپیہ فیصدی تک (جیسی حالت جس ستاجر کی تجویز ہو) اصل روپیہ صفائی پر اضافہ ہوکر مطالبہ صفائی حسب مندرجہ اطلاعنامہ بلا ساعت عذر ذریعہ تحصیلدار صاحب محال یا رسالہ داران خاص سے وصول کرا لیا جائے۔ اس عمل سے احتمال نقصان جاتا رہے گا اور سہولت کار رہیگی اسکے متعلق ترقیخواہ نے جناب صاحب ریونیو سکریٹری بہادر سے بھی بذریعہ تحریر نمبری ۱۲۲۵ - ۱۵؍ فروری سنہ ۱۹۲۲ء استصواب کر لیا تھا۔ ممدوح کا جواب ۲۵؍ فروری سنہ ۱۹۲۲ء بغرض ملاحظہ شامل ہے جسمیں اُنہوں نے ظاہر فرمایا ہے کہ کمیٹی مال سے بھی رائے طلب کیگئی ہے۔ کمیٹی نے رقم تاوان کم تجویز کی لیکن خود صاحب ریونیو سکریٹری بہادر کو ترقیخواہ کی رائے سے اتفاق ہے۔

لہذا جملہ کاغذات بشمول عرضداشت ہذا بغرض ملاحظہ و صدور حکم ارسال خدمت ہیں اور گزارش ہے کہ بارہ روپیہ فیصدی تک تاوان وصول کرنیکی منظوری نافذ فرمائی جائے۔ جس ستاجر کی جیسی حالت ہوگی اُسی کے بموجب تعداد تاوان ترقیخواہ تجویز کریگا۔ دولت جاوید باد فقط

روبکار اجلاس ہمایون بندگان حضور پر نور دام اقبالہم وملکہم

واقع ۱۷؍ اگست سنہ ۱۹۲۲ء

بنظر مناسب لفٹنٹ کرنل محمد سعید اللہ خان ملٹری سکریٹری کی تنخواہ موجودہ تعدادی تین سو پچاس روپیہ ماہوار میں مبلغ پچاس روپیہ ماہوار اضافہ منظور کیا جاتا ہے۔ دوشنبہ کو معمولاً جو کمیٹی سکریٹریز ہوتی ہے اسمیں صاحب ملٹری سکریٹری بہادر بھی شریک ہوا کرینگے اور دربار میں نشست انکی بلاک سکریٹریز میں رہیگی۔

حکم ہوا کہ

سررشتہ صدر سے احکام ضابطہ جاری ہوں۔

ملخص حکم اجلاس صاحب پرائیوٹ سکریٹری بہادر

تبادلہ جات

۱۹؍ اگست سنہ ۱۹۲۲ء

سید امداد علی پیشکار مولوی محمد مشیت اللہ صاحب متعینہ ڈیوڑھیات معلے۔ بجائے شوکت علی خان اہلمد منشی افسر صاحب فیلخانہ و شوکت علی خان بجائے عبدالرزاق خان نقل عرائض نویس سررشتہ و عبدالرزاق خان بجائے سید امداد علی پیشکار مذکورۃ الصدر مقرر ہوئے۔

سرکاری پریس ریاست رامپور میں چھپکر شائع ہوا